Fairfax County PUBLIC SCHOOLS
ENGAGE • INSPIRE • THRIVE

# ایلیمنٹری اسکول کے اعلیٰ تعلیمی پروگرام (AAP) کی خدمات کا سلسلہ

فیئرفیکس کاؤنٹی پبلک اسکولز (FCPS) اعلیٰ سطح کے طلباء کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیئے، تمام طلباء کو مہارتوں کی ترقی اور مختلف ہدایات کے ذریعے، چیلنج کرنے پر کاربند ہیں۔

FCPS ، گریڈ K-12 کے تمام طلباء کو تسلسل کے ساتھ اعلیٰ سطح کے تعلیمی پروگراموں کی خدمات فراہم کرتے ہیں۔ خدمات کے تسلسل کے طریقہ کار کے ذریعہ طالبعلموں کی غیر معمولی ضروریات کا اعتراف کیا جاتا ہے اور اس کے مساوی خدمات پر توجہ دی جاتی ہے نہ کہ طالبعلموں پر لیبل لگا کر۔ تسلسل کے ذریعہ طالبعلم حاصل کرتے ہیں:

- ترقی کرتے ہوئے، ضرورت کے مخصوص شعبوں میں گہرائی سے سیکھنے کے لیئے، ایک سے زیادہ اینٹری پوائنٹس ہوتے ہیں۔
- ایک جیسی تعلیمی ضروریات کے حامل طلباء کا ایک جامع گروپ تا کہ ان کی تعلیم میں اضافہ ہو۔

اساتذہ، اسکول منتظمین اور اعلیٰ تعلیمی ذرائع کے اساتذہ (AARTs) ایلیمنٹری لیول پر، درج ذیل لیول کی خدمات فراہم کرنے کے لیئے، ایک ساتھ مل کر کام کرتے ہیں:

## سختی تک رسائی، گریڈز K-6 (لیول I)

تمام طلباء کے پاس تنقیدی سوچ، استدلال اور مسائل حل کرنے کے موقع ہوتے ہیں۔

- تمام اساتذہ اپنے اسباق میں تنقیدی اور تخلیقی سوچ کی حکمت عملیاں استعمال کرتے ہیں
- کلاس روم کے اساتذہ، AAP نصاب کے فریم ورک سے مواد استعمال کر کے، ہر سہ ماہی میں کم از کم ایک بار موقع فراہم کرتے ہیں۔

چونکہ سختی تک رسائی FCPS کے تمام طلباء کے لیئے ہوتی ہے، اس کے لیئے جانچ کا کوئی عمل نہیں ہے۔

## مضمون سے مخصوص اعلیٰ امتیاز، گریڈز K-6 (لیول II)

کچھ طلباء ایک مخصوص شعبہ مضمون میں مضبوط ہوتے ہیں۔ کلاس روم کے اساتذہ طلباء کے لیئے، درج ذیل کے ذریعے، ان شعبوں کی ہدایات میں ترمیم کر سکتے ہیں:

- ان مضامین میں مختلف اسائنمنٹس اور وسائل فراہم کر کے،
- طلباء کی مضبوطیوں، دلچسپیوں اور تیاری کے لحاظ سے گروپ بنا کر، اور
- AAP کے نصاب کے فریم ورک سے مواد استعمال کر کے اضافی چیلنجز فراہم کرتے ہیں۔

طالبعلموں کی مضمون سے مخصوص امتیاز کی ضروریات پر مقامی اسکول کی سطح پر ہرسال نظر ثانی کی جاتی ہے۔

## پارٹ - ٹائم خدمات، گریڈ 3-6 (لیول III)

بعض طالبعلموں کو مخصوص مضمون میں امتیاز کے علاوہ، متعدد شعبہ ہائے مضامین میں اعلیٰ تعلیم کی ضرورت ہوتی ہے۔ انہیں پارٹ ٹائم AAP کی خدمات درکار ہوتی ہیں۔

- طلباء، ایک جیسی تعلیمی ضروریات کے حامل طلباء کے ساتھ، کام کرتے ہیں اور اس کے لیئے، ہر ہفتے ایک الگ کلاس تشکیل دی جاتی ہے یا AART اور کلاس روم ٹیچر کے ساتھ، مل کر پڑھایا جاتا ہے۔
- اساتذہ لینگوئج آرٹس، سائنس، معاشرتی علوم اور/ یا ریاضی میں، AAP نصاب کے فریم ورک سے مواد استعمال کرنے کے اکثر مواقع فراہم کرتے ہیں۔

پارٹ ٹائم خدمات گریڈ 6 تک جاری رہتی ہیں۔ طلباء کو، ہر سال جانچ کی ضرورت نہیں ہوتی۔

## فل - ٹائم خدمات، گریڈ 3-8 (لیول IV)

اعلیٰ سطح کے کچھ طلباء کو، فل ٹائم اعلیٰ تعلیمی پروگرام کی ضرورت ہوتی ہے، جس کے اندر، چاروں بنیادی شعبوں میں مختلف ہدایات شامل ہوتی ہیں (لینگوئج آرٹس، ریاضی، معاشرتی علوم اور سائنس)۔
AAP کی فل ٹائم ہدایات کے اہل طلباء کا فل ٹائم کی بنیاد پر ایک جامع گروپ بنایا جاتا ہے اور وہ درج ذیل خدمات حاصل کرتے ہیں:

- لینگوئج آرٹس، سائنس اور معاشرتی علوم کے نصاب میں AAP کے نصابی فریم ورک سے مواد کا مکمل استعمال، اور
- نصاب جو رفتار، گہرائی اور مواد کی پیچیدگی کی بنیاد پر مختلف ہوتا ہے۔

فل ٹائم خدمات گریڈ 8 تک جاری رہتی ہیں۔ طلباء کو، ہر سال جانچ کی ضرورت نہیں ہوتی۔

Fairfax County PUBLIC SCHOOLS
ENGAGE • INSPIRE • THRIVE

## اعلیٰ تعلیمی پروگرام کی خدمات کیلئے اسکریننگ

FCPS کے، اعلیٰ سطح کے تمام تعلیمی پروگراموں کی خدمات کی اہلیت کا تعین کرنے کے لیئے، مختلف اعدادوشمارکا کُلی طور پر، جائزہ لیا جاتا ہے۔ کمیٹیاں، AAP اسباق کے مواقع، کلاس کے مباحثوں اور سرگرمیوں میں طلباء کے دلائل یا خداداد صلاحیتوں کی مثالوں، کارکردگی کی رپورٹوں، کامیابیوں اور اہلیت کے اسکور اور والدین کی رائے کے مطابق، طلباء کے کام پر غور و فکر کرتی ہیں۔ کمیٹیاں اس بات پر غور کرتی ہیں کہ آیا طلباء کو، اسی طرح کی تعلیمی ضروریات کے حامل طلباء کے گروپ تک رسائی حاصل ہے تاکہ وہ کلاس روم میں تعلیمی گفتگو اور نشوونما کو سپورٹ کر سکیں۔ اعدادوشمار کے کسی ایک حصے پر مجموعی اسکریننگ عمل کے دوران میں غور نہیں کیا جاتا۔

مضمون سے مخصوص اعلیٰ امتیاز کی اہلیت اورپارٹ ٹائم خدمات کے فیصلے مقامی اسکول میں تشکیل دی گئی ایک کمیٹی کرتی ہے اور اسکریننگ کا عمل سارے تعلیمی سال کے دوران جاری رہتا ہے۔ مضمون سے مخصوص اعلیٰ امتیاز اور پارٹ ٹائم خدمات کا حوالہ دینے کے لیئے، AART یا مقامی اسکول میں، AAP اسکول بیسڈ ریفرل فارم جمع کرائیں۔

فل ٹائم سروسز کی اہلیت کا تعین کاؤنٹی بھر کی ایک مرکزی چناؤ کمیٹی کرتی ہے۔

فل ٹائم خدمات کے لیئے جانچ اسکریننگ کے مخصوص عرصے میں کی جاتی ہے:

- خزاں کی اسکریننگ ان طلباء کے لیئے، دستیاب ہوتی ہے، جو FCPS میں جنوری سے داخل ہوتے ہیں۔
  - ریفرل کی مدت اسکول کے پہلے دن سے لے کر - 15 اکتوبر تک ہے۔
- بہار کی اسکریننگ FCPS میں داخل گریڈ 2-7 کے کسی بھی طالب علم کے لیئے، دستیاب ہے۔
  - بہار کی اسکریننگ ریفرل کی مدت اسکول کے پہلے دن سے لے کر - 15 دسمبر تک ہے۔

براہ مہربانی گریڈ 2-7 کے اپنےطالبعلم کیلئے ریفرل جمع کرانے سے پیشترٹیسٹ اسکورز کا انتظار مت کیجیئے۔ فل ٹائم خدمات کی درج بالا مدت کے بعد جمع کرائے جانے والے ریفرلز نہیں قبول کئے جائیں گے۔

تمام اعلیٰ تعلیمی پروگرام خدمات کیلئے ریفرل فارمز https://www.fcps.edu/node/38893. پر دستیاب ہیں۔

اضافی معلومات کے لیئے، براہ مہربانی AAP کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں: https://www.fcps.edu/registration/advanced-academics-identification-and-placement/current-fcps-students.

## صلاحیت کی جانچ

FCPS اعلیٰ تعلیمی سروسز کے لیئے، مجموعی جانچ کے ایک عمل کے حصے کے طور پر، Ability Testing کا استعمال کرتا ہے۔ مجموعی اسکریننگ کے عمل میں ٹیسٹ اسکور کو وزن یا ترجیح نہیں دی جاتی ہے۔

- گریڈ 1 کے تمام طلباء Naglieri Nonverbal Ability Test (NNAT) دیتے ہیں۔
- گریڈ 2 کے تمام طلباء Cognitive Abilities Test (CogAT) دیتے ہیں۔
- NNAT اور/ یا CogAT ، گریڈ 3-6 کے ان طلباء سے لیا جا سکتا ہے، جن کے پاس باقاعدگی سے شیڈول کی گئی ٹیسٹنگ کی مدت کے دوران، Ability Test کا اسکور نہیں ہوتا۔

والد/ والدہ یا سرپرست گریڈ 3-6 کے طلباء کیلئے ایک بار CogAT یا NNAT دوبارہ دینے کی درخواست کرسکتے ہیں۔ یہ درخواستیں موسم خزاں کی ٹیسٹنگ مدت کے دوران میں کی جانی چاہیئں۔ براہ مہربانی، CogAT کی درخواست دینے کے لیئے،15 ستمبر تک یا NNAT کے لیئے،15 اکتوبر تک، اسکول کے ٹیسٹنگ کوآرڈینیٹر Rich Deixler (radeixler@fcps.edu) *( name and contact information)* سے رابطہ کریں۔

## ایلیمنٹری اسکول کے والدین کے لیئے معلوماتی اجلاس

والدین کے لیئے ایک معلوماتی میٹنگ ________ (school name) Mantua ES میں (date) بتاریخ September 26 (time) وقت 6:00 p.m. منعقد ہوگی۔ AART خدمات کے درجات کے بارے میں معلومات فراہم کرے گا، اسکریننگ کے عمل کی وضاحت کرے گا، اور اعلیٰ تعلیمی خدمات کے متعلق سوالوں کے جواب دے گا۔

Fairfax County PUBLIC SCHOOLS
ENGAGE • INSPIRE • THRIVE

### ینگ اسکالرز
FCPS Young Scholars ماڈل اعلیٰ تعلیمی پروگرامنگ میں تاریخی طورپر کم نمائندگی والے گروہوں سے تعلق رکھنے والے اعلیٰ تعلیمی قابلیت کے حامل طالبعلموں کو کم عمری ہی سے شناخت کرنے اور تصدیق کرنے کیلئے سرگرم عمل ہے۔ اس ماڈل کا نصب العین Young Scholars کی ایلیمنٹری، مڈل اور ہائی اسکول تک رسائی اوراعلیٰ تعلیمی مواقع میں کامیابی میں رکاوٹوں کو دُور کرنا ہے۔

### دوہری خصوصیات (2e)
بعض خداداد صلاحیتوں کے حامل طالبعلموں کیلئے اعلیٰ تعلیمی ضروریات انکی تعلیمی رکاوٹ بھی ہوسکتی ہیں۔ دوہری خصوصیات (2e) طالبعلموں کو اعلیٰ تعلیمی پروگرامنگ کے دوران میں ان کی مضبوطیوں پر مبنی تدریس کی ضرورت ہوتی ہے۔ FCPS کی جانب سے AAP services کا تسلسل طالبعلم کی ضروریات کے متعدد نکات کی ضروریات کو پورا کرتا ہے جبکہ ان کے تعلیمی چیلنجوں کا سامنا کرنے میں بھی معاون ثابت ہوتا ہے۔ FCPS نے ایک 2e ہینڈ بک تشکیل دی ہے، تا کہ اسکولوں اور گھرانوں کو یہ سمجھنے میں مدد مل سکے کہ 2e طلباء کی شناخت اور انہیں کیسے سپورٹ کیا جاتا ہے۔ آپ یہ وسائل www.fcps.edu پر جا کر "2e" تلاش کر کے ملاحظہ کر سکتے ہیں۔

## مڈل اور ہائی اسکول میں اعلیٰ درجے کے تعلیمی پروگرام

### مڈل اسکول AAP
مڈل اسکول میں ایڈوانس کورس ورک کیلئے انرولمنٹ کُھلی ہے۔ تمام طالبعلموں کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ ہر تعلیمی سال کے دوران میں اپنے مضبوط یا دلچسپی کے مضمون میں کم از کم ایک آنرز کورس میں ضروری داخلہ لیں ۔

فل ٹائم سروسز کے اہل طالبعلم کے پاس یہ آپشن ہے کہ وہ اپنےپتہ کیلئے مختص مڈل اسکول سینٹر میں کلاس اٹینڈ کرسکتے ہیں یا اپنے بیس اسکول میں چاربنیادی مضامین میں آنرز کورس میں انرول ہوسکتے ہیں۔

### ہائی اسکول AAP
ہائی اسکول میں ایڈوانس کورس ورک کیلئے انرولمنٹ کُھلی ہے۔ تمام طالبعلموں کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ گریڈ 9 کے آغاز میں کسی ایک آنرز کورس میں انرول ہوں ۔ FCPS میں ہرہائی اسکول AP, IB یا دوہری انرولمنٹ کورسز پیش کرتا ہے جو گریڈ 10 یا 11 میں شروع ہوتے ہیں۔

مڈل اور ہائی اسکول میں فراہم کی جانے والی خدمات سے متعلق، اضافی معلومات اعلیٰ درجے کے تعلیمی پروگراموں کے ویب پیج پر ملاحظہ کی جا سکتی ہیں: https://www.fcps.edu/academics/academic-overview/advanced-academic-programs